البدع وآثارها السيئة

# بدعت کی پہچان

# اور

# اس کی تباہ کاریاں

اضافہ شدہ ایڈیشن ۲۰۱۰


اعداد

عبدالهادی عبدالخالق مدنی

کاشانۂ خلیق۔اٹوابازار۔سدھارتھ نگر۔یوپی۔انڈیا

داعی احساءاسلامک سینٹر۔سعودی عرب

موبائیل: 0509067342 (00966)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیراہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com



# فہرست مضامین


| المحتويات | صفحہ | موضوعات |
|---|---|---|
| مقدمـــــــة | 5 | مقـدمہ |
| الباب الأول: التعريف بالبدعة | 7 | باب اول: بدعت کی پہچان |
| تعريف البدعة | 7 | بدعت کیا ہے؟ |
| خلاصة البدع المذمومة | 10 | بدعات مذمومہ کا خلاصہ |
| ذم البدعة في القرآن الكريم | 11 | بدعت کی مذمت قرآن مجید میں |
| ذم البدعة في الحديث النبوي | 15 | بدعت کی مذمت حدیث پاک میں |
| موقف الصحابة ﷺ من البدع | 18 | بدعتوں سے صحابہ کرام کی نفرت |
| أسباب انتشار البدع | 20 | بدعتوں کے رواج پانے کے اسباب |
| الباب الثاني: كشف بعض الشبهات | 21 | باب دوم: چند شبہات کا ازالہ |
| تقسيم البدعة إلى الحسنة والسيئة | 21 | بدعت حسنہ وسیئہ کی تقسیم |
| الشبهة الأولى وإزالتها | 21 | پہلا شبہ اور اس کا ازالہ |
| الشبهة الثانية وإزالتها | 23 | دوسرا شبہ اور اس کا ازالہ |
| الشبهة الثالثة وإزالتها | 28 | تیسرا شبہ اور اس کا ازالہ |
| الشبهة الرابعة وإزالتها | 29 | چوتھا شبہ اور اس کا ازالہ |
| الشبهة الخامسة وإزالتها | 32 | پانچواں شبہ اور اس کا ازالہ |


محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com





| | | |
|---|---|---|
| الباب الثالث: الآثار السيئة للبدع | 34 | باب سوم: بدعت کی تباہ کاریاں |
| جدول توضيحي لمضار البدع | 34 | بدعت کی تباہ کاریوں کا مختصر خاکہ |
| تمهيد | 35 | تمہید |
| آثار البدعة السيئة على المبتدع | 37 | بدعتی پر بدعت کے برے اثرات |
| ١- عدم قبول العمل | 37 | 1۔ عمل کی عدم قبولیت |
| ٢- الخذلان | 38 | 2۔ بے توفیقی |
| ٣- البعد عن الله | 39 | 3۔ اللہ سے دوری |
| ٤- الذل في الدنيا والآخرة | 39 | 4۔ دنیا و آخرت کی ذلت |
| ٥- تبرؤ الرسول ﷺ | 40 | 5۔ رسول اللہ ﷺ کی بے زاری |
| ٦- الأوزار الثقيلة | 41 | 6۔ ناقابل برداشت بوجھ |
| ٧- عدم التوفيق للتوبة | 42 | 7۔ توبہ کی توفیق نہ ملنا |
| ❁ صفة التوبة من البدعة | 42 | ☆ بدعت سے توبہ کا طریقہ |
| ٨- الخوف من سوء الخاتمة | 43 | 8۔ سوء خاتمہ کا اندیشہ |
| ٩- الطرد عن حوض الرسول ﷺ | 44 | 9۔ رسول اللہ ﷺ کے حوض سے دھتکار |
| آثار البدعة السيئة على الدين | 45 | دین پر بدعت کے برے اثرات |
| ١- إماتة السنن | 45 | 1۔ سنتوں کا مردہ ہونا |
| ٢- ترك الكتاب والسنة | 46 | 2۔ ترک کتاب وسنت |
| آثار البدعة السيئة على المجتمع | 48 | سماج پر بدعت کے برے اثرات |



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com





| | | |
|---|---|---|
| ١. الاختلاف والتفرق | 48 | 1۔اختلاف اور فرقہ بندی |
| ٢. الفتن والمحن | 49 | 2۔آفات ومصائب |
| الخاتمة:<br>كيف نكافح البدع؟ | 51 | خاتمہ:<br>بدعتوں کا مقابلہ کس طرح کیا جاسکتا ہے؟ |



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# مقدمہ

دین اسلام فطرت انسانی سے ہم آہنگ، کارزار حیات کے جملہ پہلوؤں کو شامل، مراحل زندگی کی تمام ضروریات کے لئے کامل اور خالق عالم کا پسندیدہ اور مقبول و محبوب دین ہے۔ صرف یہی رب کی بارگاہ میں شرف قبولیت سے بار یاب اور نجات و فلاح کا واحد راستہ ہے۔ اللہ کے تمام انبیاء ورسل کا یہی دین تھا۔ جن کے سلسلہ کی آخری کڑی محمد رسول اللہ ﷺ تھے۔ مگر جس طرح انبیاء سابقین کی امتوں میں بگاڑ آیا، ان کی شریعتوں میں حذف واضافے ہوئے، بدعتیں ایجاد ہوئیں، اسی طرح اس امت میں بھی رسول اللہ ﷺ کی پیش گوئی کے مطابق ہونا تھا۔ چنانچہ ہوا بھی، لیکن چونکہ یہ شریعت قیامت تک کے لئے آخری شریعت ہے، اور خود اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کا ذمہ دار ہے، اس لئے یہ شریعت مٹ نہیں سکتی اور نہ ہی حق و باطل گڈمڈ ہو سکتے ہیں۔ ہاں! بدعتیں پیدا ہوتی رہیں گی اور اہل علم اس کی وضاحت اور تردید کرتے رہیں گے، نیز شریعت کے روئے تاباں پر پڑنے والے ہر گرد و غبار کو صاف کرتے رہیں گے۔

بدعت جب پیدا ہوتی ہے، پروان پاتی اور پھلتی پھولتی ہے تو اس کی تباہ کاریوں کی زد سے فرد محفوظ رہتا ہے، نہ دین اور سماج۔ ہر جانب اس کے جراثیم اپنی ہلاکت آفرینیوں کے ساتھ پھیل جاتے ہیں اور اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو تباہ کر کے دم لیتے ہیں۔ اسی ضرورت کے پیش نظر، صراط مستقیم کی شناخت اور باطل کی پُر خطر پگڈنڈیوں سے بچاؤ کی خاطر زیر نظر کتابچہ ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کا موضوع اور مضمون اس کے نام "بدعت کی پہچان اور اس کی تباہ کاریاں" سے ظاہر ہے۔

بدعت کے تعلق سے یہ ایک اصولی، اساسی اور منہجی تحریر ہے جو مختصر ہونے کے

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



باوجوداردوداں طبقہ کے لئے ایک بیش قیمت اور گراں قدر تحفہ ہے۔ان شاء اللہ یہ کتابچہ سنت وبدعت کی تمیز کے لئے ایک میزان اور معیار ہوگا۔

اس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۹۹ء میں دارالاستقامۃ ممبئی سے شائع ہوا اور الحمدللہ اس کی افادیت محسوس کی گئی۔دوسرا ایڈیشن --جس کو از سر نو ترتیب دیا گیا، قابل قدر تبدیلیاں اور اضافے کئے گئے - - اسے مملکت سعودی عرب کے مشہور اسلامی دعوتی مرکز أحساء اسلامک سینٹر نے ۲۰۰۱ء میں شائع کیا۔وفقه الله تعالى لكل ما يحبه ويرضاه۔ کافی مفید اضافوں کے ساتھ یہ تیسرا ایڈیشن ہے جو ۲۰۱۰ء میں شائع کیا جارہا ہے۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اسے ہر خاص وعام کیلئے نافع بنائے۔اس کے مرتب اور اس کی نشر واشاعت میں معاون ہر فرد کو جزائے خیر سے نوازے۔آمین۔

عبدالہادی عبدالخالق مدنی

کاشانۂ خلیق۔اٹوابازار۔سدھارتھ نگر۔یوپی

۲۰۱۰ء

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعه

www.KitaboSunnat.com



# بدعت کیا ہے؟

بدعت لغوی اعتبار سے ہر اس نئی چیز کو کہتے ہیں جو کسی مثال سابق کے بغیر ایجاد کی گئی ہو، خواہ وہ محمود ہو یا مذموم۔

بدعت شرعی اعتبار سے دین میں ایجاد کردہ اس طریقہ کو کہتے ہیں جو شرعی طریقہ جیسا ہو اور اس پر چل کر وہی مقصود ہو جو شرعی طریقہ پر چلنے سے مقصود ہوتا ہے۔اس کی وضاحت یوں ہے کہ:

ا۔ بدعت "دین" میں ایجاد کردہ طریقہ کا نام ہے، دنیاوی ایجادات اس سے خارج ہیں۔ بنابریں نئی بستیاں بسانا، نئے شہر آباد کرنا، نئے آلات اور نئی مشینوں کی ایجاد وغیرہ بدعت میں داخل نہیں ہیں۔

۲۔ ایجاد کردہ کا مفہوم یہ ہے کہ شریعت میں اس کی کوئی اصل نہ ہو۔ اگر شریعت میں اس کی کوئی اصل موجود ہے تو وہ بدعت نہ ہوگی اگرچہ وہ چیز پہلے زمانے میں موجود نہ تھی، جیسے شرعی علوم کی تصنیف وغیرہ،

۳۔ شرعی طریقہ جیسا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ بظاہر شرعی طریقہ جیسا معلوم ہو مگر حد بندیوں، متعین ہیئت و کیفیت اور اوقات وایام کے التزام وغیرہ جیسے متعدد وجوہ سے شریعت سے ٹکرائے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



معلوم ہو کہ کوئی بھی عمل جب تک چھ باتوں میں سے ہر ایک میں شریعت کے موافق نہ ہو سنت کا عمل نہیں ہو سکتا بلکہ اسے بدعت قرار دیا جائے گا۔

① سبب: ہر عمل کو اپنے سبب میں شریعت کے موافق ہونا چاہئے۔ مثال کے طور پر رجب کی ستائیسویں تاریخ کی رات میں اس سبب سے تہجد پڑھنا کہ اس رات معراج ہوئی تھی بدعت ہے۔ کیونکہ رات میں تہجد پڑھنا اگرچہ سنت ہے لیکن معراج کی وجہ سے تہجد پڑھنا چونکہ ثابت نہیں اس لئے یہ عمل بدعت ہے۔ یہ عمل اپنے سبب کے اعتبار سے شریعت کے موافق نہیں ہے۔

② جنس: ہر عمل کو اپنے جنس میں شریعت کے موافق ہونا چاہئے۔ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص ہرن کی قربانی کرے تو بدعت ہو گی کیونکہ قربانی صرف بہیمۃ الانعام کے جنس میں ثابت ہے۔

③ مقدار: ہر عمل کو اپنے مقدار میں شریعت کے موافق ہونا چاہئے۔ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص چھٹے وقت کی صلاۃ کا اضافہ کرے تو بدعت ہو گی کیونکہ شریعت میں صرف پانچ وقت کی صلاۃ ثابت ہے۔

④ کیفیت: ہر عمل کو اپنی کیفیت میں شریعت کے موافق ہونا چاہئے۔ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص وضو کا طریقہ یہ بتائے کہ پہلے پیر دھونا ہے پھر سر کا مسح کرنا ہے پھر آخر میں ہاتھ دھونا ہے تو یہ طریقہ بدعت قرار پائے گا کیونکہ شریعت سے

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



وضو کی یہ کیفیت ثابت نہیں ہے۔

⑤ وقت: ہر عمل کو اپنے وقت میں شریعت کے موافق ہونا چاہئے۔مثال کے طور پر اگر کوئی شخص ذوالحجہ کے پہلے دن قربانی کرے تو بدعت ہو گی کیونکہ قربانی کے ایام شریعت میں صرف دس ذوالحجہ سے تیرہ ذوالحجہ تک ہیں۔

⑥ جگہ: ہر عمل کو اپنی جگہ میں شریعت کے موافق ہونا چاہئے۔مثال کے طور پر اگر کوئی شخص مسجد کے علاوہ کسی اور جگہ کو اعتکاف کے لئے مقرر کرے تو ایسا اعتکاف بدعت ہو گا کیونکہ شریعت میں صرف مسجد میں ہی اعتکاف کرنا ثابت ہے۔

۴۔اس پر چل کر وہی مقصود ہو جو شرعی طریقہ پر چلنے سے مقصود ہوتا ہے یعنی اس پر چل کر عبادت میں مبالغہ مقصود ہو، اگر یہ مقصود نہ ہو تو وہ چیز عادات میں داخل ہو گی اور بدعت میں اس کا شمار نہیں ہو گا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# بدعات مذمومہ کا خلاصہ

۱۔ہر وہ قول و فعل واعتقاد جو سنت کے معارض و مخالف ہو۔

۲۔ ہر وہ کام جو اللہ کا تقرب حاصل کرنے کے لئے کیا جائے حالانکہ شریعت نے اس سے منع کیا ہو۔

۳۔ہر وہ عقیدہ جس کی شرعی دلیل موجود نہ ہو۔

۴۔ہر وہ عبادت جس کی کیفیت صرف کسی ضعیف یا موضوع روایت میں پائی جاتی ہو۔

۵۔ ہر وہ عبادت جسے شریعت نے مطلق رکھا ہو مگر لوگوں نے اس پر قیود مثلاً زمان و مکان یا ہیئت وعدد کا اضافہ کر دیا ہو۔

۶۔ ہر وہ کام جو شرعی دلیل ہی سے ثابت ہو سکتا ہو مگر اس کی شرعی دلیل موجود نہ ہو، البتہ عمل صحابہ اس سے مستثنیٰ ہے۔

۷۔ بعض علماء خصوصاً متأخرین نے جن اعمال کو بلا دلیل مستحب قرار دیا ہے۔

۸۔عبادت میں غلو (ملاحظہ ہو أحکام الجنائز للألبانی ص ۲۴۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# بدعت کی مذمت قرآن مجید میں

(1)۔قرآن مجید میں اللہ تعالی فرماتا ہے:

﴿ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ ٱلْإِسْلَٰمَ دِينًا ﴾المائدۃ: ۳

[آج میں نے تمھارے لئے تمھارے دین کو کامل کر دیا،اور تم پر اپنا انعام بھرپور کر دیا،اور تمھارے لئے اسلام کے دین ہونے پر رضامند ہو گیا]

یہ آیت بتلاتی ہے کہ شریعت مکمل ہو چکی ہے۔اس میں کسی کمی بیشی کی گنجائش ہے اور نہ ضرورت۔ مگر بدعتی اپنے قول و عمل سے گویا یہ ظاہر کرتا ہے کہ شریعت ناقص ہے،اور اس میں کچھ حذف و اضافہ کی ضرورت ہے،اور یقیناً ایسا عقیدہ رکھنے والا صراط مستقیم سے منحرف ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس نے اسلام میں کوئی بدعت ایجاد کی اور یہ سمجھا کہ وہ بدعت حسنہ ہے،تو گویا اس کا زعم یہ ہے کہ محمد ﷺ نے شریعت پہنچانے میں خیانت کی ہے،کیونکہ اللہ تعالی ﴿ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ ﴾ فرما چکا ہے،لہذا جو چیز آپ کے زمانے میں دین نہ تھی،وہ آج دین نہیں ہو سکتی۔(اعتصام ۱/۴۹)

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

{2}۔فرمان باری ہے:

﴿ وَأَنَّ هَٰذَا صِرَٰطِي مُسْتَقِيمًا فَٱتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا۟ ٱلسُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن سَبِيلِهِۦ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّىٰكُم بِهِۦ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴾ الأنعام: ۱۵۳

[اور یہ (دین) میرا سیدھا راستہ ہے، سو اس دین پر چلو اور دوسری راہوں پر مت چلو کہ وہ راہیں تم کو اللہ کی راہ سے جدا کردیں گی۔اس کا تم کو اللہ نے تاکیدی حکم دیاہے تاکہ تم تقوی اختیار کرو]

یہاں صراط مستقیم سے سنت کی راہ مراد ہے،اور جن دیگر راہوں سے روکا گیاہے وہ بدعت کے راستے ہیں۔گناہ اور معصیت کے راستے یہاں مراد نہیں ہو سکتے، کیونکہ عبادت و تقرب کی خاطر کوئی شخص معصیت کو مستقل راستہ نہیں بناتا۔

امام مجاہد فرماتے ہیں کہ آیت میں سُبُل سے مراد بدعات وشبہات ہیں۔ (تفسیر طبری ۲۲۹/۱۲)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لئے اپنے ہاتھ سے ایک سیدھی لکیر کھینچی، پھر فرمایا: یہ اللہ کا سیدھا راستہ ہے۔پھر آپ نے اس کے دائیں اور بائیں چند لکیریں کھینچیں،اور فرمایا: یہ وہ راستے ہیں جن میں سے ہر

www.KitaboSunnat.com



ایک پر شیطان بیٹھا ہوا اس کی طرف دعوت دے رہا ہے۔ پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: ﴿وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ﴾ الأنعام: ۱۵۳ (مسند احمد ۱/۴۶۵، مستدرک حاکم ۲/۲۳۹، صححہ ووافقہ الذہبی)

③۔ارشاد مولی ہے:

﴿وَعَلَى اللَّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ﴾ النحل: ۹

[درمیانی راہ اللہ تعالی کی طرف پہنچنے والی ہے اور بعض ٹیڑھی راہیں ہیں اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو راہ راست پر لگا دیتا]

"جَائِرٌ"(ٹیڑھی راہوں) سے مراد بدعات ومعاصی اور ضلالت کے منحرف راستے ہیں۔

④۔اللہ عزوجل فرماتا ہے:

﴿هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ ۖ فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ ۗ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ﴾ آل عمران: ۷

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



[وہی اللہ تعالی ہے جس نے تجھ پر کتاب اتاری، جس میں واضح مضبوط آیتیں ہیں جو اصل کتاب ہیں، اور بعض متشابہ آیتیں ہیں، پس جن کے دلوں میں کجی ہے وہ تو اس کی متشابہ آیتوں کے پیچھے لگ جاتے ہیں، فتنے کی طلب اور ان کی مراد کی جستجو کے لئے، حالانکہ ان کی حقیقی مراد کو سوائے اللہ تعالی کے کوئی نہیں جانتا]۔

اس آیت کی تفسیر صحیح بخاری (۴۲/۶) میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ان آیات کی تلاوت فرمائی پھر کہا: جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو متشابہ کے پیچھے لگتے ہیں تو یہی وہ لوگ ہیں جن کا اللہ تعالی نے نام لیا ہے لہذا ان سے ہوشیار رہو۔

خوارج جو اہل بدعت کا اولین گروہ ہے، اس کے بارے میں عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ لوگ محکم پر ایمان رکھتے اور متشابہ میں گمراہ ہو جاتے ہیں، حالانکہ اس کی تاویل اللہ تعالی کے سوا کسی کو معلوم نہیں، اور پختہ و مضبوط علم والے کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے۔(الشریعہ /۲۷)

تمام اہل بدعت کی علامت یہی ہے کہ وہ متشابہ سے تمسک کرتے اور محکم کو ترک کرتے ہیں کیونکہ ان کے دل میں کجی ہوتی ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# بدعت کی مذمت حدیث پاک میں

❶۔ عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو صلاۃ فجر پڑھائی، پھر ہم کو ایک بلیغ نصیحت فرمائی جس سے آنکھیں بہہ پڑیں اور دل دہل گئے۔ کسی نے کہا: اے اللہ کے رسول! گویا یہ رخصت کرنے والے کی نصیحت ہے لہذا آپ ہمیں وصیت فرمایئے۔ آپ نے فرمایا: میں تمھیں اللہ کے تقوی اور سمع وطاعت کی وصیت کرتا ہوں اگرچہ حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ تم میں سے جو میرے بعد زندہ رہے گا وہ بہت سارا اختلاف دیکھے گا، لہذا تم میری سنت اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت کو لازم پکڑو، اسے مضبوطی کے ساتھ تھام لو، اسے دانتوں سے مضبوط جکڑلو، اور اپنے آپ کو نئی ایجاد شدہ چیزوں سے بچاؤ، اس لئے کہ ہر ایجاد شدہ چیز بدعت ہے، اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ (مسند احمد ۱۲۷/۴، ابوداود ۱۳/۵-۱۵، ترمذی ۱۴۹/۴-۱۵۰)

❷۔ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دیتے تو فرماتے: (( أَمَّا بَعْدُ ، فَإِنَّ خَيْرَ الحَدِيثِ كِتَابُ اللهِ ، وَخَيرَ الهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ – ﷺ – ، وَشَرَّ الأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا ، وَكُلَّ بِدْعَة ضَلالَةٌ )) (مسلم ۵۹۲/۲) [أما بعد، یقینا سب سے بہتر بات اللہ کی کتاب ہے۔ سب سے بہتر طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے۔ سب سے بری چیز اس میں ایجاد کی ہوئی چیزیں

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں۔اور ہر بدعت گمراہی ہے]۔

❸۔ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((مَنْ أحْدَثَ في أمْرِنَا هَذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ)) (بخاری ۱۳۲/۹، مسلم ۱۳۴۴/۳) [جس نے ہمارے اس دین میں کوئی ایسی چیز ایجاد کی جو اس میں سے نہیں ہے تو وہ مردود اور ناقابل قبول ہے]۔

دوسری روایت کے الفاظ اس طرح ہیں: ((مَنْ عَمِلَ عَمَلاً لَيْسَ عَلَيهِ أمرُنا فَهُوَ رَدٌّ)). (مسلم ۱۳۴۴/۳) [جس نے کوئی ایسا کام کیا جس پہ ہمارا حکم نہیں ہے تو وہ مردود ہے]۔

امام نووی رحمہ اللہ اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں: یہ حدیث اسلام کا ایک عظیم قاعدہ ہے، یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جامع کلمات میں سے ایک ہے۔ یہ ہر طرح کی بدعت اور خودساختہ امور کی تردید میں صریح ہے۔ دوسری روایت میں مفہوم کی زیادتی ہے، اور وہ یہ کہ بعض پہلے سے ایجاد شدہ بدعتوں کو کرنے والے کے خلاف اگر پہلی روایت بطور حجت پیش کی جائے تو وہ بطور عناد کہے گا کہ میں نے تو کچھ ایجاد نہیں کیا، لہذا اس کے خلاف دوسری روایت حجت ہوگی، جس میں یہ کہا گیا ہے کہ ہر نئی چیز مردود ہے، خواہ کرنے والے نے اسے از خود ایجاد کیا ہو یا اس سے پہلے اسے کوئی ایجاد کر چکا ہو۔(شرح مسلم للنووی ۱۶/۱۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



حافظ ابن رجب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حدیث اسلام کے اصولوں میں سے ایک اصل عظیم ہے۔ جس طرح(( إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ )) والی حدیث اعمال کے باطن کو پرکھنے کا ذریعہ ہے، اسی طرح یہ حدیث اعمال کے ظاہر کو پرکھنے کا ذریعہ ہے۔ جیسا کہ ہر وہ عمل جس سے اللہ کی رضا مقصود نہ ہو عامل کے لئے اس کا کوئی ثواب نہیں، اسی طرح ہر وہ عمل جو اللہ اور اس کے رسول کے حکم کے مطابق نہیں اس کے عامل کے منہ پر مار دیا جائے گا۔ اور جس نے بھی اللہ اور اس کے رسول کے حکم کے خلاف کوئی چیز ایجاد کی اس کا دین سے کوئی تعلق نہیں۔ (جامع العلوم والحکم)

❹۔ ابو ہریرہ اور انس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي )) (بخاری ۲/۷، مسلم ۱۰۲/۲) [جو میری سنت سے اعراض کرے وہ مجھ سے نہیں]۔

<u>مذکورہ آیات واحادیث سے چند باتیں معلوم ہوئیں:</u>

۱۔ بدعت کی مذمت میں وارد نصوص عام ہیں۔ ان میں کسی قسم کی تقسیم اور تفریق نہیں۔ یعنی ہر بدعت گمراہی ہے، کوئی بدعت حسنہ نہیں ہوتی۔

۲۔ بدعت صرف مذموم ہوتی ہے گرچہ بدعتی اسے مستحسن سمجھے۔

۳۔ بدعت ہر اس عمل کو کہتے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دین میں ایجاد کیا گیا ہو، اور خاص وعام کسی بھی طریق سے شریعت میں اس کی دلیل موجود نہ ہو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# بدعتوں سے صحابۂ کرام کی نفرت

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کتاب وسنت پر عمل کے حریص تھے۔ بدعت واہل بدعت سے انتہائی بغض و نفرت رکھتے تھے۔ چنانچہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک خطبہ میں فرمایا: ((میں صرف متبع ہوں بدعتی نہیں ہوں))۔ نیز عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ((تم اتباع کرو، بدعت کا کام مت کرو، تمھارے لئے اتباع ہی کافی ہے))۔ اور عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ((اللہ کا تقوی اور استقامت لازم پکڑو۔ اتباع کرو، بدعت کا کام مت کرو))۔

(مذکورہ تمام روایات سنن دارمی سے منقول ہیں۔)

حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ((جو عبادت صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے نہیں کی اسے تم مت کرو، پہلے لوگوں نے بعد والوں کے لئے نئی بات کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہنے دی ہے))۔ (ابوداود)

بدعت کے تعلق سے سنن دارمی (۶۱/۱) کا ایک بڑا عبرت آموز واقعہ ہے جسے علامہ البانی رحمہ اللہ نے سلسلہ صحیحہ (حدیث نمبر ۲۰۰۵) میں ذکر کیا ہے۔ ہم اس کا خلاصہ یہاں ذکر کرتے ہیں۔

ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کوفہ کی مسجد میں کچھ لوگوں کو صلاۃ کے انتظار

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com




میں دیکھا، وہ حلقہ بنا کر بیٹھے تھے اور ان کے ہاتھ میں کنکریاں تھیں۔ان میں سے ایک کہتا: سو بار لاالہ الا اللہ پڑھو تو وہ سو بار لاالہ الا اللہ پڑھتے ، پھر وہ کہتا سو بار تسبیح پڑھو تو وہ سو بار تسبیح پڑھتے۔ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ بات نئی اور منکر معلوم ہوئی۔انھوں نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کا تذکرہ کیا۔آپ ان کے پاس گئے،اور ان سے دریافت کیا کہ یہ کیا کر رہے ہو ؟انھوں نے جواب دیا کہ ہم کنکریوں کے ذریعہ تسبیح و تہلیل اور تکبیر کا ورد کر رہے ہیں۔آپ نے فرمایا: اپنے گناہوں کو شمار کرو، میں ضمانت لیتا ہوں کہ تمھاری کوئی نیکی ضائع نہ ہوگی۔افسوس! اے امت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تمھاری ہلاکت کتنی جلد ہے، صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم ابھی تمھارے درمیان موجود ہیں، تمھارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے ابھی تک بوسیدہ نہیں ہوئے،آپ کے برتن ابھی نہیں ٹوٹے۔اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، یا تو تم ملت محمدیہ سے زیادہ ہدایت یافتہ ہو یا پھر ضلالت کا دروازہ کھول رہے ہو۔ان لوگوں نے کہا: اے ابو عبدالرحمن! ہم نے محض خیر کے ارادے سے ایسا کیا۔آپ نے فرمایا: کتنے ہی خیر کے چاہنے والے خیر کو نہیں پاتے۔اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو بتایا ہے کہ ایک قوم قرآن کو پڑھے گی وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔اللہ کی قسم مجھے نہیں معلوم شاید ان میں سے اکثر لوگ تم ہی میں سے ہوں گے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعه

www.KitaboSunnat.com



# بدعتوں کے رواج پانے کے اسباب




بدعتوں کے رواج پانے کے چند اسباب و محرکات ہیں، مندرجہ ذیل اسباب زیادہ عام اور اہم ہیں:

۱۔ بدعات کی تردید میں علماء حق کا تساہل اور علماء سوء کی طرف سے قیادت نیز مالی فوائد کے حصول کی خاطر بدعات کی تحسین و تزئین۔

۲۔ عوام کی حمایت حاصل کرنے کے لئے حکمرانوں کی طرف سے بدعات کی تائید۔

۳۔ علم کے بغیر فتویٰ، تعلیم وارشاد اور دعوت و تبلیغ۔

۴۔ سنت سے جہالت یعنی سنت کے مقام و مرتبہ نیز صحیح و ضعیف اور مقبول و مردود کی تمیز سے ناواقفیت۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# بدعت حسنہ و سیئہ کی تقسیم

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ بدعت کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ بدعت حسنہ

۲۔ بدعت سیئہ

ذیل میں ہم ان کے شبہات کا ذکر کریں گے، اور ساتھ ہی ان کا علمی جائزہ لیں گے اور ان کے ازالہ کی کوشش کریں گے۔

## پہلا شبہ:

عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں لوگوں کو تراویح کے لئے جمع کیا تھا اور پھر فرمایا تھا:

((نِعْمَت الْبِدْعَةُ هَذِهِ)) یہ کتنی اچھی بدعت ہے! (بخاری ۵۸/۳)

## ازالہ:

عمر رضی اللہ عنہ کا یہ قول شریعت کے اندر بدعت حسنہ کی دلیل نہیں بن سکتا، کیونکہ یہاں انھوں نے اس کا لغوی مفہوم مراد لیا ہے۔ اس لئے کہ یہ عمل ہر اعتبار سے

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



سنت تھا:

☆ خود قیام رمضان سنت ہے۔آپ ﷺ نے اس کی ترغیب فرمائی ہے۔آپ نے فرمایا ہے: ((مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ)) (بخاری ۵۸/۳) [جس نے ایمان کے ساتھ اور حصول ثواب کی نیت سے رمضان کا قیام کیا(تراویح پڑھی)اس کے تمام پچھلے گناہ بخش دیئے جائیں گے]۔

☆آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کو کئی راتیں باجماعت تراویح پڑھائی، جب لوگوں کی تعداد کافی بڑھ گئی تو آپ اس اندیشہ کی وجہ سے کہ کہیں اسے فرض نہ کردیا جائے لوگوں کی طرف نکلنے سے باز رہے۔ نبی ﷺ کی وفات تک معاملہ اسی پر باقی رہا۔ (ملاحظہ ہو: بخاری ۵۸/۳-۵۹)

جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی،اور وحی کے بند ہو جانے کی وجہ سے اس کے فرض کردیئے جانے کا اندیشہ ختم ہو گیا، تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں لوگوں کو ایک امام پر جمع کردیا،اور اس بات پر صحابہ کا اجماع ہو گیا۔

☆ نیز یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ یہ ایک خلیفۂ راشد کی سنت ہے جن کی اتباع کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔اللہ کے رسول ﷺ فرماتے ہیں: (( فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ ))

(مسند احمد ۱۲۷/۴،ابوداود ۱۳/۵-۱۵، ترمذی ۱۴۹/۴-۱۵۰)

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اسے باجماعت کیوں نہیں ادا کیا گیا؟ تو اس کی ایک وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کی رائے کے مطابق آخر شب کا قیام اول شب میں امام کے ساتھ اکٹھا پڑھنے سے افضل تھا، لہذا آپ نے اول شب میں ایک امام کے ساتھ پڑھنے پر انھیں جمع نہیں کیا۔

دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ ایک تو آپ کی مدت خلافت کافی مختصر تھی، نیز مرتدین و مانعین زکاۃ وغیرہ کے ساتھ معرکہ آرائیوں کی بنا پر آپ کو اس کی فرصت نہ ملی کہ ان امور پر غور کر سکتے۔ عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں چونکہ سارے فتنے سرد پڑ چکے تھے، اسلامی حکومت مستحکم ہو چکی تھی، اس لئے آپ نے ان امور پر توجہ دی اور سنت کے احیاء کی فضیلت آپ کو حاصل ہوئی۔

☆ اگر مذکورہ بحث سے اطمینان حاصل نہ ہو تو یہ قاعدہ ذہن نشین کر لیں کہ قول صحابی قول رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف حجت اور دلیل نہیں بن سکتا ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ((كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ)) [ہر بدعت گمراہی ہے] بالکل عام ہے، اس میں کسی قسم کا استثناء نہیں ہے، لہذا اس عموم کے خلاف کسی صحابی کے قول کو دلیل نہیں بنایا جا سکتا ہے۔

## دوسرا شبہ :

بدعت کو حسنہ اور سیئہ میں تقسیم کرنے والے دوسری دلیل کے طور پر

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



حدیث ذیل کو پیش کرتے ہیں۔

((عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كُتِبَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا وَلَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ وَمَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كُتِبَ عَلَيْهِ مِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا وَلَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ )) (صحیح مسلم ۲/ ۷۰۴-۷۰۵)

[جس نے اسلام میں کوئی اچھا طریقہ شروع کیا خود اسے اس کا اجر ملے گا اور ان تمام لوگوں کا اجر بھی جو اس کے بعد اس پر عمل کریں گے بغیر اس کے کہ ان لوگوں کے اجر میں کسی قسم کی کمی واقع ہو۔اور جس نے اسلام میں کوئی برا طریقہ شروع کیا تو اس کے اوپر اس کا اپنا گناہ ہوگا اور ان لوگوں کا بھی جنہوں نے اس کے بعد اس پر عمل کیا بغیر اس کے کہ ان لوگوں کے گناہ میں کسی قسم کی کمی واقع ہو]۔

اس حدیث سے وجہ استدلال یہ ہے کہ یہ حدیث ((كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ)) والی حدیث کے عموم کی تخصیص کرتی ہے۔

اس حدیث میں سَنَّ کا لفظ آیا ہے جو اخترع (ایجاد کرنے) اور ابتدع (بلا مثال سابق شروع کرنے) کے ہم معنی ہے، نیز اس کے شروع کرنے کو شارع کے بجائے مکلف کی طرف منسوب کیا گیا ہے، بالکل اس حدیث کی طرح جس میں اللہ کے رسول

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

ﷺ فرماتے ہیں: ((لَيْسَ مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْماً إلاَّ كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الأَوْلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا، لأَنَّهُ كَانَ أَوَّلَ مَنْ سَنَّ القَتلَ)) مُتَّفَقٌ عَلَيهِ. [جو نفس بھی ظلماً قتل کیا جائے گا آدم کے پہلے بیٹے پر اس کے خون کا ایک حصہ (گناہ) جائے گا اس لئے کہ سب سے پہلے اسی نے قتل کا طریقہ شروع کیا]۔

اس حدیث میں بھی سَنَّ کا لفظ اختر ع یعنی ایجاد کرنے کے معنی میں ہے، کیونکہ قابیل نے ہی قتل کا طریقہ سب سے پہلے شروع کیا ہے،اس سے پہلے قتل کا وجود نہیں تھا۔ اگر حدیث میں یہ کہنا مقصود ہوتا کہ شریعت میں ثابت کسی سنت پر کسی نے عمل شروع کیا تو سَنَّ کے بجائے یوں کہا جاتا: مَنْ عَمِلَ بِسُنَّتِي - یا - بِسُنَّةٍ مِنْ سُنَّتِي - یا - مَنْ أَحيَا سُنَّةً مِنْ سُنَّتِي [جس کسی نے میری سنت پر عمل کیا یا میری کسی سنت کو زندہ کیا]

## ازالہ:

مذکورہ حدیث میں کسی نئے عمل کی ایجاد مراد نہیں ہے بلکہ کسی سنت ثابتہ پر عمل یا کسی سنت متروکہ کا احیاء مراد ہے۔اس کی وضاحت دو طرح سے ہو گی۔

ا۔حدیث کی مراد اس کے سبب ورود سے واضح ہو گی۔ چنانچہ پوری حدیث اس طرح ہے: ((جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دن کے شروع حصہ میں ہم

www.KitaboSunnat.com



لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے کہ آپ کے پاس ایک قوم آئی۔ جو ننگے بدن تھی، دھاری دار اونی چادر اوڑھے ہوئے تھی، تلواریں لٹکائے ہوئے تھی۔ ان میں سے بیشتر بلکہ سب کے سب قبیلہ مضر کے تھے۔ ان کا فقر وفاقہ دیکھ کر اللہ کے رسول ﷺ کے چہرے کا رنگ متغیر ہو گیا۔ آپ گھر میں داخل ہوئے، پھر باہر نکلے، پھر بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا، انھوں نے اذان واقامت کہی، پھر آپ نے صلاۃ پڑھائی، خطبہ دیا اور ان آیات کی تلاوت فرمائی: ﴿ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُوا۟ رَبَّكُمُ ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَٰحِدَةٍ ﴾ النساء: ۱ -- اور ﴿ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ﴾ الحشر: ۱۸ اور فرمایا: لوگ صدقہ دیں اپنے دینار سے، اپنے درہم سے، اپنے کپڑے سے، اپنے ایک صاع گیہوں اور ایک صاع کھجور سے، حتی کہ آپ نے فرمایا: اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر ایک انصاری ایک تھیلی لے کر آئے، جس سے ان کا ہاتھ تھکا جاتا تھا بلکہ تھک گیا تھا، پھر لوگوں کا سلسلہ لگ گیا، یہاں تک کہ میں نے غلے اور کپڑے کے دو ڈھیر دیکھے، اور دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کا روئے مبارک کھل اٹھا ہے اور کندن کی طرح دمک رہا ہے۔ اس وقت آپ ﷺ نے فرمایا: ((مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً..... ))۔

(مسلم ۷۰۵/۲)

اس حدیث کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ سنت حسنہ سے انصاری صحابی

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



والے عمل جیسا عمل مراد ہے۔ کیونکہ جب وہ تھیلی بھر کر لائے تو صدقہ کا دروازہ کھل گیا، اور لوگ یکے بعد دیگرے اپنے صدقات لانے لگے۔ مگر بہر حال اس خیر و بھلائی کے شروعات کی فضیلت انھیں ہی حاصل ہوئی۔ صحابی مذکور کا عمل کوئی نئی چیز نہیں، بلکہ شریعت سے ثابت ایک عمل تھا۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ صحابہ کو متنبہ کرنے اور انھیں صدقہ پر ابھارنے میں ان کے کردار کا ہاتھ تھا۔ چنانچہ معلوم ہوا کہ سنت حسنہ سے مراد کسی سنت پر عمل کرنا ہے، خصوصاً اس وقت جب لوگ اس سے غافل ہوں یا اسے ترک کر چکے ہوں۔

۲۔ اس حدیث میں سَنَّ کے لفظ کو اختراع وایجاد کے معنی پر محمول کرنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ کسی عمل کا اچھا یا برا ہونا شریعت کی موافقت یا مخالفت ہی سے معلوم ہو سکتا ہے۔ اگر شریعت کے موافق ہے تو سنت حسنہ ورنہ سنت سیئہ۔

سنت سیئہ دو چیزوں پر بولا جاتا ہے:

۱) گناہ و معصیت کے کاموں کو شروع کرنا، جیسا کہ قابیل سے متعلق حدیث میں ہے۔

۲) دین میں کسی بدعت کو شروع کرنا۔

اگر بالفرض مذکورہ حدیث سے شریعت کے اندر بدعت حسنہ کے وجود پر استدلال کیا جائے تو یہ حدیث ان احادیث سے متعارض ہو گی جس میں بدعت کی عمومی

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



مذمت کی گئی ہے، اور یہ قاعدہ معلوم ہے کہ جب عموم اور تخصیص کے دلائل باہم متعارض ہوتے ہیں تو تخصیص نا قابل قبول ہوتی ہے۔(الموافقات ۲۳۲/۳)

## تیسرا شبہ:

بدعت حسنہ کی دلیل کے طور پر یہ روایت بھی ذکر کی جاتی ہے:

عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: اعْلَمْ، قَالَ مَا أَعْلَمُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: إِنَّهُ مَنْ أَحْيَا سُنَّةً مِنْ سُنَّتِي، قَدْ أُمِيتَتْ بَعْدِي، فَإِنَّ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلَ مَنْ عَمِلَ بِهَا، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ ابْتَدَعَ بِدْعَةَ ضَلَالَةٍ، لَا تُرْضِي اللَّهَ وَرَسُولَهُ، كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ آثَامِ مَنْ عَمِلَ بِهَا، لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ أَوْزَارِ النَّاسِ شَيْئًا.

(ترمذی ۱۵۰/۴-۱۵۱)

[بلال بن حارث رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جان لو۔ انھوں نے کہا: کیا جان لوں اے اللہ کے رسول؟ آپ نے فرمایا: جس نے میری کسی ایسی سنت کو زندہ کیا جو میرے بعد مردہ کی جاچکی تھی، تو اس کو اس پر عمل کرنے والے کے برابر اجر ملے گا، بغیر اس کے کہ ان لوگوں کے اجر میں کسی طرح کی کمی ہو۔ اور جس نے کوئی بدعت ضلالت ایجاد کی جو اللہ اور اس کے رسول کو پسند نہیں، تو اس کو اس پر عمل کرنے والوں کے برابر گناہ ملے گا، بغیر اس کے کہ ان کے گناہوں میں کوئی کمی واقع ہو]۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



اس حدیث سے وجہ استدلال یہ ہے کہ اس میں مطلقاً ہر بدعت کی مذمت نہیں کی گئی ہے بلکہ صرف اسی بدعت کی مذمت کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے رسول کی مرضی کے خلاف ہو اور بدعت ضلالت ہو۔

## ازالہ:

مذکورہ حدیث سے استدلال درست نہیں کیونکہ وہ ضعیف ہے، اس میں ایک راوی کثیر بن عبد اللہ بن عمرو بن عوف المزنی ہے جو متروک و مجروح ہے اور اس کی روایت ناقابل اعتبار ہے۔

## چوتھا شبہ:

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مَا رَآهُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَناً فَهُوَ عِنْدَ اللهِ حَسَن (مسند احمد ۳۷۹/۱) [جس چیز کو مسلمان اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے]۔

وجہ استدلال یہ ہے کہ اچھا سمجھنے کی نسبت مسلمانوں کی طرف کی گئی ہے، دلیل کی طرف نہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ بدعت اچھی اور بری دونوں طرح ہو سکتی ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



## ازالہ:

مذکورہ حدیث ایک طویل حدیث کا ٹکڑا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس شبہ کے ازالہ کی خاطر پوری حدیث مکمل سیاق کے ساتھ پہلے یہاں ذکر کردیں۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ إِنَّ اللَّهَ نَظَرَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ فَوَجَدَ قَلْبَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرَ قُلُوبِ الْعِبَادِ فَاصْطَفَاهُ لِنَفْسِهِ فَابْتَعَثَهُ بِرِسَالَتِهِ ثُمَّ نَظَرَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ بَعْدَ قَلْبِ مُحَمَّدٍ فَوَجَدَ قُلُوبَ أَصْحَابِهِ خَيْرَ قُلُوبِ الْعِبَادِ فَجَعَلَهُمْ وُزَرَاءَ نَبِيِّهِ يُقَاتِلُونَ عَلَى دِينِهِ فَمَا رَأَى الْمُسْلِمُونَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللَّهِ حَسَنٌ وَمَا رَأَوْا سَيِّئًا فَهُوَ عِنْدَ اللَّهِ سَيِّئٌ (مسند احمد ۳۷۱۹)

[عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالی نے بندوں کے دلوں میں دیکھا، تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دل بندوں کے دلوں میں سب سے بہتر پایا۔ چنانچہ آپ کو اپنے لئے منتخب کرلیا اور آپ کو اپنی رسالت دے کر مبعوث فرمایا۔ پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بندوں کے دلوں میں دیکھا، تو آپ کے صحابہ کے دلوں کو بندوں کے دلوں میں سب سے بہتر پایا۔ چنانچہ انھیں اپنے نبی کا وزیر بنایا، جو اللہ کے دین کے لئے جنگ کرتے ہیں۔ لہذا جسے مسلمان اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے۔ اور جسے مسلمان برا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی برا ہے]۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



یہ حدیث کئی اسباب کی بناپر بدعت حسنہ کے لئے دلیل نہیں بن سکتی:

ا۔ یہ حدیث موقوف ہے، مرفوع نہیں ہے۔ لہذا اسے مرفوع کے مقابلے میں پیش کرنا درست نہیں ہے۔ یعنی یہ صحابی کا قول ہے اسے رسول اللہ ﷺ کے قول سے ٹکرانا درست نہیں ہے۔

۲۔ اگر فرض کرلیا جائے کہ یہ حجت ہے تو اس سے مراد اجماع صحابہ ہوگا۔

۳۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ اس سے مراد غیر صحابہ ہیں، تو عالم وجاہل تمام مسلمان اس سے مراد نہیں ہوں گے، بلکہ اہل اجماع مقصود ہوں گے۔ اگر کوئی یہ کہتا ہے کے عالم وجاہل تمام مسلمان مراد ہیں تو اس سے دو باطل چیزیں لازم آئیں گی:

اول: یہ درج ذیل حدیث سے متناقض ہوگا۔

((إِنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ سَتَفْتَرِقُ عَلَى ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ مِلَّةً يَعْنِي الْأَهْوَاءَ كُلُّهَا فِي النَّارِ إِلَّا وَاحِدَةً))۔ (ابوداود ۵/۵-۶، مسند احمد ۱۰۲/۴، حاکم ۱۲۸/۱)

[اللہ کے رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی، سب جہنم میں جائیں گے سوائے ایک کے]۔

تناقض کی صورت یہ ہے کہ سابقہ حدیث سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ کوئی مسلمان کسی چیز کو اچھا سمجھے تو وہ اچھی چیز ہے۔ یعنی اس کی بات اور اس کا خیال غلط نہیں ہو سکتا ہے۔ اگر معاملہ ایسا ہی ہے تو پھر تہتر فرقوں میں تقسیم اور ایک کے سوا سب کے

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



جہنمی ہونے کا کیا مطلب ہو گا!!

دوم: اس کا تقاضہ یہ ہو گا کہ کوئی عمل کسی کے نزدیک حسن ہو اور کسی کے نزدیک قبیح، حالانکہ یہ باطل ہے۔ اور اگر عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث سے یہ مراد لی جائے کہ جسے عام مسلمان اچھا سمجھیں وہ اچھا ہے، تو گویا دین میں بدعت ایجاد کرنے کے لئے چور دروازہ کھول دیا گیا۔

حقیقت یہ ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث سے بدعت حسنہ کے وجود یا جواز پر استدلال کرنا کسی صورت میں درست نہیں ہے۔

## پانچواں شبہ:

سلف صالحین نے کچھ ایسے اعمال انجام دیئے ہیں جن سے متعلق خاص اور صریح نص وارد نہیں ہے۔ جیسے جمع قرآن اور تصنیف علوم وغیرہ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شریعت میں بدعت حسنہ کا وجود ہے۔

## ازالہ:

معلوم ہونا چاہئے کہ وہ چیز بدعت نہیں ہے جس کے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت ہونے کے بارے میں شرعی دلیل موجود ہو۔

جہاں تک جمع قرآن کا معاملہ ہے تو اگرچہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



حیات مبارکہ میں ایسا نہیں کیا، مگر آپ نے قرآن مجید کے لکھنے کا حکم دیا، جیسا کہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے: ((لَا تَكْتُبُوا عَنِّي غَيْرَ الْقُرْآنِ وَمَنْ كَتَبَ عَنِّي غَيْرَ الْقُرْآنِ فَلْيَمْحُهُ)) (صحیح مسلم ۲۲۹۸/۴) [میری طرف سے قرآن کے سوا کچھ نہ لکھو، جس نے قرآن کے سوا کچھ لکھا ہوا سے مٹا دے]۔

البتہ جہاں تک ایک مصحف میں دو دفتیوں کے درمیان قرآن مجید کے جمع کرنے کی بات ہے تو آپ ﷺ نے اپنی زندگی میں ایسا اس لئے نہیں کیا کیونکہ کچھ آیات یا کچھ سورتوں کے نازل ہونے یا کچھ آیتوں کے منسوخ ہونے کا احتمال تھا۔ آپ ﷺ کی وفات کے بعد یہ احتمال ختم ہو گیا۔ چنانچہ ابو بکر رضی اللہ عنہ نے یہ مبارک عمل انجام دیا۔ پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو ایک مصحف پر جمع کر دیا اور تمام صحابہ کا اس بات پر اجماع ہو گیا۔ جہاں تک احادیث نبویہ کی تدوین اور علوم شرعیہ کی تصنیف کا سوال ہے تو یہ تبلیغ شریعت کے ضمن میں داخل ہے اور اس کے دلائل واضح اور معلوم ہیں۔

بہر حال سلف کے وہ اعمال جن سے بدعت حسنہ کے وجود پر استدلال کیا گیا ہے، یا تو وہ سنت کے وسیع مفہوم میں شامل اور داخل ہیں، یا تو کسی شرعی کام کی انجام دہی کا وسیلہ اور ذریعہ ہیں لہذا بدعت نہیں ہیں۔


یہاں پر یہ بات ذہن نشین رہے کہ تمام معتبر اہل علم اس بات پر متفق ہیں کہ تمام بدعات مذمومہ ضلالت ہیں جن کا خلاصہ بیان ہو چکا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# بدعت کے برے اثرات




محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# تمہید

بدعت کی تباہ کاریاں اور اس کے نقصانات صرف بدعتی شخص کی ذات تک محدود نہیں رہتے ،بلکہ پورا اسلامی معاشرہ اس کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔اس سے امت کی وحدت کی دیوار میں نہ صرف شگاف پڑتا ہے بلکہ امت کا شیرازہ منتشر ہوجاتا ہے۔خود دین بھی اس کی زد سے محفوظ نہیں رہتا ، اس کی شکل وصورت مسخ ہوجاتی ہے۔

بڑی عجیب اور قابل افسوس بات یہ ہے کہ عوام کو تو جانے دیجئے بعض وہ لوگ جو علم وفضل کی طرف منسوب ہیں اور جنھیں لوگ عالم اور دانشور خیال کرتے ہیں، وہ لوگ بدعت کی ہولناکیوں کو معمولی بنا کر پیش کرتے ہیں۔ ان کا خیا ل ہے کہ بدعت کی تردید امت کے اختلاف کو ہوا دیتی ہے اور مختلف فرقوں کو باہم قریب کرنے کے بجائے ان کی آپسی دوری اور نفرت کی خلیج کو مزید وسیع کرتی ہے۔ایسے لوگ بدعتیوں کو اپنی بدعت پر باقی رہنے اور اس کے پھلنے پھولنے اور برگ وبار لانے کا ذریعہ اور وسیلہ بنتے ہیں۔وہ لوگ اس کے خطرناک نتائج سے آنکھیں بند رکھتے ہیں۔معلوم نہیں کہ ان کے دل ودماغ میں آخر یہ بات کیوں نہیں گھستی کہ ملت اسلامیہ آج جس زوال وپستی کا شکار ہے اور

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



جس انحلال وہزیمت سے دوچار ہے اس کا سبب اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ مسلمان اسلام خالص کے فہم و تطبیق سے منحرف ہوگئے ہیں اور بدعت میں پڑکر اپنی تمام کاوشوں کو ضائع کررہے ہیں۔

برسبیل تذکرہ ہم صرف ایک بدعت تصوف کی مثال لیتے ہیں۔ نہایت مختصر انداز میں اس کے نقصانات کچھ اس طرح ہیں :

☆اس نے مسلمانوں سے جہاد کی روح کو ختم کردیا ہے، اس پرفریب دعوے کے ساتھ کہ جہاد نفس کے لئے اپنے آپ کو خالی رکھو۔

☆امر بالمعروف اور نہی عن المنکر یہ کہہ کر معطل کردیا کہ دوسروں کے عیوب پر نظر رکھنے کے بجائے اپنے عیوب پر نظر رکھو۔

☆رسول اللہ ﷺ اور اولیاء وصالحین کی محبت اور ان کے حقوق کی رعایت کے نام پر غلو کو خوب پھیلایا اور یہیں سے قبر پرستی کے شرک صریح نے جنم لیا۔

اس طرح تصوف کی بدعت نے دین کے تمام بلند میناروں کو منہدم کرکے اس کی جگہ اپنے کھوکھلے اور ملمع شدہ میناروں کو بلند کردیا۔

لیجئے ذیل میں ہم نہایت اختصار کے ساتھ بدعت کے آثار ونتائج اوراضرارو مفاسد کا تذکرہ کرتے ہیں۔سب سے پہلے ہم یہ بیان کریں گے

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



کہ خود بدعتی پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

## بدعتی پر بدعت کے برے اثرات

### ا۔بدعتی کے عمل کی عدم قبولیت

کسی بھی دینی عمل کی قبولیت دو شرطوں پر موقوف ہے۔ایک تو اخلاص اور دوسرے اتباع سنت۔بدعتی چونکہ اپنی بدعت کی بنا پر اتباع سنت سے محروم رہتا ہے اس لئے اس کا عمل قبول نہیں ہوتا۔عمل قبول نہ ہونے کا ایک مطلب تو یہ ہو سکتا ہے کہ فقط بدعت والا عمل مقبول نہ ہو۔دوسرا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ اس کا کوئی بھی عمل مقبول نہ ہو۔شریعت کے دلائل دونوں مفہوم کے حق میں موجود ہیں۔

پہلے مفہوم کی تائید رسول اکرم ﷺ کی اس حدیث سے ہوتی ہے: ((مَنْ عَمِلَ عَمَلاً لَيْسَ عَلَيْهِ أَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ )) (بخاری ۱۲۳/۹، مسلم ۱۳۴۴/۳) [جس نے کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں تو وہ مردود اور ناقابل قبول ہے]۔

دوسرے مفہوم کی تائید میں وہ احادیث ہیں جو اس امت کے سب سے پہلے بدعتی گروہ خوارج کے سلسلہ میں وارد ہوئی ہیں۔اللہ کے رسول ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: ((يَخْرُجُ قَوْمٌ مِنْ أُمَّتِي يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَيْسَ قِرَاءَتُكُمْ إِلَى قِرَاءَتِهِمْ بِشَيْءٍ وَلَا صَلَاتُكُمْ إِلَى صَلَاتِهِمْ بِشَيْءٍ وَلَا صِيَامُكُمْ إِلَى صِيَامِهِمْ بِشَيْءٍ

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ يَحْسِبُونَ أَنَّهُ لَهُمْ وَهُوَ عَلَيْهِمْ لَا تُجَاوِزُ صَلَاتُهُمْ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ)) (مسلم ۲/۷۴۸)

[میری امت میں کچھ ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو قرآن اس طرح پڑھیں گے کہ تمھارا پڑھنا ان کے پڑھنے کے مقابلے میں کچھ نہ ہوگا۔ تمھاری صلاۃ ان کی صلاۃ کے مقابلے میں کچھ نہ ہوگی۔ تمھارا صوم ان کے صوم کے مقابلے میں کچھ نہ ہوگا۔ وہ قرآن پڑھیں گے اور اپنے حق میں مفید گمان کریں گے حالانکہ وہ ان کے خلاف حجت ہوگا۔ ان کی صلاۃ ان کے حلق سے تجاوز نہ کرے گی۔ وہ اسلام سے اسی طرح نکل جائیں گے جس طرح شکار سے تیر نکل جاتا ہے]۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عبادات میں ان کی پوری محنت کے باوجود ان کا کوئی عمل مقبول نہ ہوگا۔

دونوں حدیثوں کو سامنے رکھتے ہوئے بدعتی کے عمل کی عدم قبولیت کے سلسلہ میں صحیح موقف یہ ہے کہ اگر بدعت کفریہ ہے تو کفر کی بنا پر سارے اعمال مردود ہو جائیں گے اور اگر بدعت کفریہ نہیں بلکہ فسقیہ ہے تو صرف وہی عمل غیر مقبول ہوگا جو خود ساختہ ہے۔

## ۲۔ بدعتی کی بے توفیقی

ہر بدعتی اپنی بدعت کی بنا پر توفیق الٰہی سے محروم ہوتا ہے۔ کیونکہ ہدایت

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



ونجات اتباع سنت پر موقوف ہے اور بدعتی ترک سنت کے جرم کا مرتکب ہو کر مستحق سزا ہوتا ہے۔ ارشاد باری ہے: ﴿ وَمَن يَعْتَصِم بِٱللَّهِ فَقَدْ هُدِىَ إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴾ آل عمران: ۱۰۱ [جو شخص اللہ تعالیٰ (کے دین) کو مضبوط تھام لے تو بلاشبہ اسے راہ راست دکھادی گئی]۔ نیز ارشاد ہے: ﴿ فَلْيَحْذَرِ ٱلَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِۦٓ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴾ النور: ۶۳ [سنو جو لوگ حکم رسول کی مخالفت کرتے ہیں انھیں ڈرتے رہنا چاہئے کہ کہیں ان پر کوئی زبردست آفت نہ آپڑے یا انھیں کوئی دردناک عذاب نہ پہنچے]۔

## ۳۔ اللہ سے دوری

شریعت کے واجبات و مستحبات اللہ سے قربت کا ذریعہ ہیں۔ جس قدر ایک بندہ اطاعت کو بجالاتا اور ممنوعات سے اجتناب کرتا ہے، اسی قدر اللہ سے قریب ہوتا ہے۔ اور جس قدر ان میں کوتاہی برتتا ہے اسی قدر قربت سے محروم ہوتا بلکہ سنت کی مخالفت کی راہ کو اپنا کر اللہ تعالیٰ سے دور ہوتا جاتا ہے۔ خوارج سے متعلق احادیث جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اس بات پر شاہد عدل ہیں۔

## ۴۔ دنیا و آخرت کی ذلت

چونکہ حقیقی عزت اللہ اور اس کے رسول اور اہل ایمان کے لئے ہے جیسا کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



فرمان باری ہے: ﴿ وَلِلَّهِ ٱلْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِۦ وَلِلْمُؤْمِنِينَ ﴾ المنافقون: ۸ [عزت تو صرف اللہ تعالی کے لئے اور اس کے رسول کے لئے اور ایمان والوں کے لئے ہے]۔

لہذا مؤمن جس قدر اپنے دین پر قائم ہوتا اور حدود شریعت پامال کرنے سے بچتا ہے اسی قدر عزت کا مستحق ہوتا ہے۔ اس کے برخلاف ایک بدعتی شریعت میں کمی و بیشی کا ارتکاب کر کے اس کے حدود کو پامال کرتا اور دنیا و آخرت کی ذلت کا سزاوار ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿ وَمَن يُشَاقِقِ ٱلرَّسُولَ مِنۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ ٱلْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ ٱلْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِۦ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِۦ جَهَنَّمَ ۖ وَسَآءَتْ مَصِيرًا ﴾ النساء: ۱۱۵ [جو شخص راہ ہدایت کے واضح ہونے کے باوجود رسول اللہ ﷺ کے حکم کی خلاف ورزی کرے اور تمام مؤمنوں کی راہ چھوڑ کر چلے، ہم اسے ادھر ہی متوجہ کر دیں گے جدھر وہ خود متوجہ ہوا، اور دوزخ میں ڈال دیں گے۔ وہ پہنچنے کی بہت ہی بری جگہ ہے]۔

## ۵۔ اللہ کے رسول ﷺ کی بے زاری

بدعت کی ایک نحوست یہ بھی ہے کہ ایسے شخص سے رسول اللہ ﷺ نے

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



اپنی براءت و بے زاری کا اظہار فرمایا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: ((مَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي)) مُتَّفَقٌ عَلَيهِ . [جو میری سنت سے اعراض کرے وہ مجھ سے نہیں]

بدعتی سنت سے اعراض کر کے اپنی خواہشات اور شیطان کی تزئین وفریب کا اتباع کرتا ہے لہذا وہ اس وعید میں داخل ہو جاتا ہے۔

## ٦۔ ناقابل برداشت بوجھ

جو شخص کوئی بدعت ایجاد کرتا ہے، اس پر نہ صرف اس کا گناہ پڑتا ہے بلکہ ان تمام لوگوں کا گناہ بھی پڑتا ہے جو قیامت تک اس پر عمل کریں گے۔ اللہ تعالی فرماتا ہے:

﴿ لِيَحۡمِلُوٓاْ أَوۡزَارَهُمۡ كَامِلَةٗ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ وَمِنۡ أَوۡزَارِ ٱلَّذِينَ يُضِلُّونَهُم بِغَيۡرِ عِلۡمٍ ﴾ النحل: ٢٥ [یعنی اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ قیامت کے دن یہ لوگ اپنے پورے بوجھ کے ساتھ ہی ان کے بوجھ کے بھی حصہ دار ہوں گے جنھیں بے علمی سے گمراہ کرتے رہے]۔

نیز اللہ کے رسول ﷺ کا ارشاد ہے: ((مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كُتِبَ عَلَيْهِ مِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا وَلَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ )) (مسلم ٢/٧٠٤-٧٠٥) [جس نے اسلام کے اندر کوئی براطریقہ ایجاد کیا اس پر خود اس کا گناہ ہوگا اور اس کے بعد اس پر عمل کرنے والے تمام لوگوں کا

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



گناہ بھی ہو گا اس کے بغیر کہ ان کے گناہوں میں کوئی کمی واقع ہو]۔

## ۷۔ توبہ کی توفیق نہ ملنا

اہل بدعت کو توبہ کی توفیق بہت کم ملتی ہے، کیونکہ وہ اپنی بدعت کو معصیت نہیں بلکہ اطاعت سمجھ کر انجام دیتے ہیں۔ اور ظاہر بات ہے کہ جب وہ بدعت کو اطاعت تصور کریں گے تب اس سے توبہ کی ضرورت کیونکر محسوس کریں گے!! ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ البتہ جن پر اللہ تعالی رحم و کرم فرماتا ہے وہ لوگ اپنی بدعت کا شعور واحساس کرتے اور اپنے رب کریم کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔

## ❁ بدعتی کی توبہ کا طریقہ

بدعتی کی توبہ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنی بدعت کو ترک کرے، علم و عمل اور عقیدہ و منہج ہر اعتبار سے اتباع سنت کو اپنائے، اور جس بدعت پر تھا اس کی خرابی وبرائی کو بیان کرے۔

اللہ تعالی نے حق چھپانے والوں کی توبہ کے لئے یہ شرط لگائی ہے کہ وہ حق کو بیان کریں جیسا کہ ارشاد ہے: ﴿ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكۡتُمُونَ مَآ أَنزَلۡنَا مِنَ ٱلۡبَيِّنَٰتِ وَٱلۡهُدَىٰ مِنۢ بَعۡدِ مَا بَيَّنَّٰهُ لِلنَّاسِ فِي ٱلۡكِتَٰبِ أُوْلَٰٓئِكَ يَلۡعَنُهُمُ ٱللَّهُ وَيَلۡعَنُهُمُ ٱللَّٰعِنُونَ ﴿١٥٩﴾ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُواْ وَأَصۡلَحُواْ وَبَيَّنُواْ فَأُوْلَٰٓئِكَ أَتُوبُ عَلَيۡهِمۡ

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



وَأَنَا ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ ﴿١٦٠﴾ البقرة: ۱۵۹ ـ ۱۶۰ [جو لوگ ہماری اتاری ہوئی دلیلوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں باوجودیکہ ہم اسے اپنی کتاب میں لوگوں کے لئے بیان کر چکے ہیں۔ ان لوگوں پر اللہ کی اور تمام لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے مگر وہ لوگ جو توبہ کر لیں اور اصلاح کر لیں اور بیان کر دیں تو میں ان کی توبہ قبول کر لیتا ہوں اور میں توبہ قبول کرنے والا اور رحم و کرم کرنے والا ہوں]۔

بدعتی کا معاملہ حق چھپانے والے سے بدتر ہے کیونکہ بدعتی نہ صرف کتمان حق کا مرتکب ہوتا ہے بلکہ حق کے خلاف دعوت بھی دیتا ہے۔ لہٰذا اس کی توبہ کے لئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے وہ یہ جانے کہ اس کا عمل بدعت ہے، پھر وہ سنت کا علم حاصل کرے اور اس کے مطابق عمل کرے، پھر وہ اپنی استطاعت کے مطابق اس بدعت کی خرابیاں لوگوں سے بیان کرے جس پر وہ اس سے قبل عمل پیرا تھا۔

## ۸۔ سوءِ خاتمہ کا اندیشہ

بدعتی کے بارے میں سوءِ خاتمہ کا بھی اندیشہ ہوتا ہے۔ سوءِ خاتمہ یہ ہے کہ موت کے وقت انسان کے دل میں شک یا انکار یا اللہ پر اعتراض پیدا ہو جس کی بنا پر وہ اللہ کی ملاقات ناپسند کرے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی ملاقات ناپسند کرے اور پھر بندہ کا خاتمہ ایسی حالت میں ہو جو جہنم میں داخلہ کا سبب بن جائے۔ العیاذ باللہ۔

بدعتی کے سوءِ خاتمہ کا اندیشہ اس وجہ سے ہوتا ہے کیونکہ موت کے وقت

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



حقائق منکشف ہو جاتے ہیں اور جب اس کی بدعت کی ضلالت اس پر منکشف ہو گی تو ممکن ہے کہ شیطان اس کے دل میں یہ باطل وسوسہ ڈالے کہ اس کا پورا دین ہی باطل پر مبنی تھا چنانچہ وہ شک میں پڑ جائے یا دین حق کا انکار کر بیٹھے اور اس طرح اس کا خاتمہ بالخیر نہ ہو۔

## ۹۔ رسول اللہ ﷺ کے حوض سے دھتکار

اللہ کے رسول ﷺ فرماتے ہیں: ((أَلَا لَيُذَادَنَّ رِجَالٌ عَنْ حَوْضِي كَمَا يُذَادُ الْبَعِيرُ الضَّالُّ أُنَادِيهِمْ أَلَا هَلُمَّ فَيُقَالُ إِنَّهُمْ قَدْ بَدَّلُوا بَعْدَكَ فَأَقُولُ سُحْقًا سُحْقًا))۔ (صحیح مسلم ۲۱۸/۱) [سنو! کچھ لوگوں کو میرے حوض سے بھگایا جائے گا جس طرح بھٹکے ہوئے اونٹ کو بھگایا جاتا ہے۔ میں انھیں آواز دوں گا: سنو، ادھر آؤ۔ تو کہا جائے گا: انھوں نے آپ کے بعد تبدیلی کر دی تھی۔ تو میں کہوں گا: دوری ہو، دوری ہو۔ (بھگاؤ، دور کرو) ]

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# دین پر بدعت کے برے اثرات

گذشتہ سطور میں ان مفاسد کا تذکرہ تھا جن سے خود بدعتی اپنی بدعت کی بنا پر متاثر ہوتا ہے۔اب ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ بدعت کے اثرات دین پر کیا ہوتے ہیں۔

بدعت کی وجہ سے چونکہ دین میں حذف واضافہ اور کتر بیونت ہوتی ہے اس لئے اس کے بہت سارے برے اثرات دین پر بھی پڑتے ہیں۔ چند اختصار کے ساتھ پیش ہیں۔

## ا۔ سنتوں کا مردہ ہونا

بدعت سدا اپنے مقابل کی سنت کو ختم کر دیتی ہے۔جب ایک بدعت شروع ہوتی ہے تو ایک سنت ضرور مردہ ہو جاتی ہے اور رفتہ رفتہ معروف منکر میں اور منکر معروف میں بدل جاتا ہے۔

حسان بن عطیہ محاربی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **مَا ابْتَدَعَ قَوْمٌ بِدْعَةً فِي دِينِهِمْ إِلاَّ نَزَعَ اللَّهُ مِنْ سُنَّتِهِمْ مِثْلَهَا، ثُمَّ لاَ يُعِيدُهَا إِلَيْهِمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.** (الدارمی ۱/۴۵۔وسندہ صحیح) [جب کوئی قوم اپنے دین میں کوئی بدعت ایجاد کرتی ہے تو اللہ تعالی اسی جیسی ایک سنت اٹھالیتا ہے پھر تا قیامت اسے ان تک واپس نہیں لوٹاتا]۔

اسی لئے سلف صالحین نے بہر طور بدعت اور اہل بدعت کی تردید کی،ان کی

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



برائیوں کاراز فاش کیا، لوگوں کو ان کی تعظیم و توقیر اور صحبت و ہم نشینی سے روکا، ان کی طرف سے ہمہ قسم کی اذیت رسانیوں پر صبر کیا اور سنتوں کا اظہار و اعلان کرتے رہے۔

یہاں یہ بات بھی قابل غور ہے کہ معاملہ صرف بدعتوں کے زندہ ہونے اور سنتوں کے مردہ ہونے کی حد تک باقی نہیں رہتا بلکہ اس سے بڑھ کر سنت اور اہل سنت سے بغض و عداوت اور ان پر الزام تراشیوں تک پہنچ جاتا ہے۔

بدعت کے مفاسد کسی حد پر نہیں رکتے۔ بات یہاں تک پہنچ جاتی ہے کہ نئی حد بندیوں، خودساختہ اصولوں، جدید تراشیدہ قاعدوں اور خواہشات نفس کی بنیاد پر ایجاد کردہ رسموں کی وجہ سے اہل بدعت کا گروہ دین اسلام کے سوا کسی نئے دین کا حامل معلوم ہونے لگتا ہے۔ ہر بدعتی گروہ کے سیکھنے سکھانے، قبول وانکار اور دوستی ودشمنی کا جداگانہ معیار ہوتا ہے۔ ہر معاملہ میں اس کا اپنا طریقہ، اپنا طرز عمل، اور اپنی مخصوص اصطلاحات ہوتی ہیں۔ اس کی تمام علامتیں اور جملہ شعارات ایسے ہوتے ہیں گویا وہ کوئی مستقل شریعت ہو۔

## ۲۔ ترک کتاب وسنت

کتاب وسنت جو دین حق کا سرچشمہ ہے اور ہر قسم کا علم نافع اور عمل صالح اسی سے مل سکتا ہے، ہر بدعتی گروہ نے اسے پس پشت ڈال دیا ہے۔ یا کم از کم اپنی بدعت کے مخالف نصوص کو ترک کر دیا ہے۔ یا ایسی بے جا تاویل و تردید کا طریقہ اختیار کیا ہے

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



جو تکذیب کے مترادف ہے۔اسی لئے اگر رسول پاک ﷺ بروز قیامت یہ شکوہ کریں گے تو بے جانہ ہوگا کہ: ﴿يَٰرَبِّ إِنَّ قَوْمِي ٱتَّخَذُواْ هَٰذَا ٱلْقُرْءَانَ مَهْجُورًا﴾ الفرقان: ۳۰ [اے میرے رب! بے شک میری امت نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا]۔

بدعتوں کی بناپر مختلف پہلوؤں سے نصوص شرعیہ معطل و مہجور ہیں، جن میں سے چند پہلو حسب ذیل ہیں:

۱۔کتاب وسنت سے علم وہدایت اور ایمان ویقین تلاش نہ کرنا۔

۲۔اختلافات کے وقت ان سے فیصلہ لینے نہ جانااور ان کا فیصلہ پانے پر سر تسلیم خم نہ کرنا۔

۳۔ان سے دلوں کی بیماریوں (جن کا خلاصہ شبہات وشہوات ہیں) کا علاج حاصل کرنے اور شفا طلب کرنے کی کوشش نہ کرنا۔

یہی وجہ ہے کہ آج بیشتر مسلمان حق وہدایت کی معرفت اور رب کریم کی حقیقی اور سچی عبادت کی دولت سے محروم ہیں۔انھیں اہل بدعت نے ہدایت کے بجائے ضلالت اور حق کے بجائے باطل پر ڈال دیا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



# سماج پر بدعت کے برے اثرات

بدعت کے اثرات ہمہ گیر ہوتے ہیں۔نہ صرف بدعتی اور دین حق اس سے متاثر ہوتا ہے بلکہ سماج بھی اس کے برے اثرات سے محفوظ نہیں رہتا۔ذیل میں سماج پر اس کے برےاثرات کا ذکر کیا جاتا ہے۔

## ا۔اختلافات اور فرقہ بندی

اختلافات اور فرقہ بندی سے قرآن مجید کی بیشتر آیات میں روکا گیا ہے،اس کے مفاسد کسی صاحب نظر سے مخفی نہیں۔

بدعت کی وجہ سے کس طرح اختلافات پیدا ہوتے اور کس طرح فرقہ بندی ہوتی ہے؟اس کی وضاحت اس طرح ہے کہ ہر بدعتی اپنی بدعت کو پھیلانا اور عام کرنا چاہتا ہے،اپنے ماننے والوں کی تعداد میں اضافہ کا خواہش مند ہوتا ہے،اور یہ چیز چونکہ سنت اور اہل سنت کی مخالفت،ان پر بے جا الزام تراشی اور ان سے بغض وعداوت کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتی اس لئے یہ سب کچھ کیا جاتا ہے۔

تاریخ اسلام کا ایک سرسری جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے اختلافات اور گروہ بندیوں کا سب سے بڑا سبب اہل بدعت رہے ہیں۔سب سے پہلے خوارج مسلمانوں سے الگ ہوئے اور پھر بعد کے مبتدعہ انھیں کی روش پر گامزن رہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



بدعتیوں نے صرف اہل سنت کی مخالفت پر اکتفا نہیں کیا بلکہ ان کے خلاف معرکہ آرائی کی اور تلوار اٹھانے سے بھی باز نہ رہے۔ اگر یہ نہ ہو سکا تو امراء وسلاطین اور شاہان وقت کی قربت اختیار کر کے اہل سنت کی اذیت رسانی کے لئے خفیہ تدبیریں اور سازشیں کیں۔ غرضیکہ مسلمان اہل بدعت کی بنا پر ہمیشہ مبتلائے مصائب رہے۔ ہم عہد حاضر میں دیکھ رہے ہیں کہ سامراج نے کس طرح تصوف کو پروان چڑھایا تا کہ مسلمانوں کے اندر سے عزت وجہاد کی روح کو ختم کیا جا سکے۔

## ۲۔ آفات ومصائب

بدعت کا ایک برا انجام یہ بھی ہے کہ جب جب لوگ سنت کو چھوڑ کر بدعت کو اپناتے ہیں تو اللہ تعالی انھیں فتنوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔ وہ باہم دست و گریباں ہو جاتے ہیں۔ ان کے دشمن ان پر مسلط ہو جاتے ہیں۔ فرمان باری ہے: ﴿ قُلْ هُوَ ٱلْقَادِرُ عَلَىٰٓ أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُم بَأْسَ بَعْضٍ ﴾ الأنعام: ٦٥ [آپ کہئے کہ وہ اللہ اس پر بھی قادر ہے کہ تم پر کوئی عذاب تمھارے اوپر سے بھیج دے یا تمھارے پاؤں تلے سے یا کہ تم کو گروہ در گروہ کر کے سب کو بھڑا دے اور تمھارے ایک کو دوسرے کی لڑائی چکھا دے]۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



یہ بلا ہی کیا کم ہے کہ دشمنان اسلام نے اسلامی دعوت اور اسلامی بیداری کی راہ روکنے کے لئے ان بدعتوں کا سہارا لیا اور مسلمانوں کو ایک دوسرے سے لڑا کر ان کی طاقت کمزور کردی۔

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



خاتمہ:

# بدعت کا مقابلہ کس طرح کیا جا سکتا ہے؟

بدعت کی ہولناکیوں سے آگاہ ہونے کے بعد ہمارا یہ فرض بنتا ہے کہ ہر ممکن طریقہ سے اس کا مقابلہ کریں، تاکہ اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی تباہ کاریوں کا خاتمہ کیا جا سکے، یا کم از کم اس میں تخفیف ضرور کی جا سکے۔

میری ناقص رائے کے مطابق بدعت کے مقابلہ کے لئے حسب ذیل طریقے اپنائے جا سکتے ہیں:

❶۔ بدعت کی حقیقت اور اس کے دنیوی اور اخروی مفاسد اور مسلم معاشرہ کو تباہی سے دوچار کرنے میں اس کے تاریخی کردار کا خود بھی علم رکھا جائے اور دوسروں کو بھی بتلایا جائے۔

❷۔ ہر چھوٹی بڑی بدعت سے اجتناب کیا جائے اور دوسروں کو بھی اس سے بچانے کی کوشش کی جائے۔

❸۔ علمی اور عملی طور پر سنت کی نشر واشاعت کی جائے کیونکہ جب سنت لوگوں کی نگاہ سے اوجھل رہتی ہے تب ہی بدعات کا ظہور ہوتا ہے۔

❹۔ حکمت اور موعظت حسنہ کے ذریعے دعوت الی اللہ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیا جائے۔ جس طرح ایک مخلص ڈاکٹر اپنے مریض کا علاج کرتا ہے

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مطالعہ

www.KitaboSunnat.com



ٹھیک اسی طرح کی خیر خواہی کا جذبہ رکھا جائے۔

5۔ اہل بدعت کی کتابیں اور کیسٹیں عوام میں پھیلنے سے روکا جائے تاکہ نادان عوام ان کے شبہات ووساوس کا شکار نہ ہوسکیں۔

6۔ جمعہ کے خطبوں، وعظ کی محفلوں اور دیگر مختلف موقعوں پر اہل بدعت کے زیغ وضلال کی کھل کر نشان دہی کی جائے اور اس کے خلاف علمی وفکری بیداری پیدا کی جائے۔

7۔ مدارس کے نصاب تعلیم میں ایسی کتابیں داخل کی جائیں جن کے ذریعہ طلبہ بدعت اور اہل بدعت کے بارے میں آگاہ ہوسکیں اور یہ جان سکیں کہ ان کے ساتھ ہمارا کیسا رویہ اور کیسا سلوک وبرتاؤ ہونا چاہیے۔

بحمد اللہ تم

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ